



# 8

# ڈاک اور کوریئر خدمات

کیا آپ کو کاروباری مطالعہ کی اس کتاب کو پڑھنے میں کسی طرح کی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے؟ کیا اب تک پڑھے گئے اسباق آپ کو آسانی سے سمجھ میں آ گئے ہیں؟ اگر نہیں، تو اپنی پریشانیوں کے بارے میں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ کو لکھئے۔ ہم آپ کے مسائل کو پوری طرح سے حل کرنے کی کوشش کریں گے۔ لیکن سوال یہ کہ آپ اپنی پریشانیوں کے بارے میں ہمیں کیسے بتائیں گے؟ پچھلے سبق میں آپ نے ترسیل کے مختلف طریقوں کے بارے میں پڑھا ہے۔ اس میں دیئے گئے کسی بھی ذریعہ کی مدد سے آپ ہم سے رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔ اس سبق میں آپ نے یہ بھی پڑھا ہوگا کہ خط لکھنے کا طریقہ تحریری ترسیل کا سب سے آسان ذریعہ ہے۔ اگر آپ ہم کو خط لکھتے ہیں تو وہ ہم تک کیسے پہونچے گا؟ اسے ہم تک کون پہنچائے گا، یہ کام ڈاک خانے کے ذریعہ ہوتا ہے۔ ڈاک کا محکمہ پیغام بھیجنے والے اور پیغام وصول کرنے والے کے درمیان بیچ کی کڑی کا کام کرتا ہے۔ پیغام دینے والا پیغام ڈاک ڈیپارٹمنٹ کو سونپ دیتا ہے تو پھر محکمہ ڈاک اس پیغام کو متعلقہ آدمی تک پہونچانے کے لئے ہر ممکن کوشش کرتا ہے۔ اس کے علاوہ محکمہ ڈاک دوسری سہولیات و خدمات بھی انجام دیتا ہے اس سبق میں ہم ڈاک کے ذریعہ پیش کی جانے والی خدمات کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔

## مقاصد

اس سبق کو پڑھنے کے بعد آپ:

- ڈاک خدمات کے معنی اور نوعیت کو بتا سکیں گے۔
- ڈاک خدمات جو ڈاک محکمہ اور نجی کوریئر خدمات فراہم کرنے والوں کے ذریعے مہیا کرائی جاتی ہیں ان کے بارے میں بتا سکیں گے۔

- ڈاک خدمات کی اہمیت کو بیان کر سکیں گے،
- اور نجی کوریر خدمات کا رول پہچان سکیں گے،

نوٹ

## 8.1 ڈاک خدمات کے معنی

آپ کسی ڈاک خانے میں ضرور گئے ہوں گے۔ وہاں آپ نے کیا کیا؟ آپ نے وہاں سے ڈاک ٹکٹ خریدے ہوں گے یا کوئی خط لیٹر باکس میں ڈالا ہوگا۔ کبھی کبھی آپ نے منی آڈر یا پارسل بھیجا ہوگا یا ڈاک خانے کے بچت کھاتے میں رقم جمع کی ہوگی۔ ڈاک خانے میں خط اور پارسل بھیجنے، رقم بھیجنے کا بندوبست، رقم جمع قبول کرنے جیسی مختلف خدمات انجام دی جاتی ہیں۔ ان سبھی خدمات کو ڈاک خدمات کہتے ہیں۔

भारतीय डाक

## 8.2 ڈاک خدمات کی نوعیت

تحریری پیغامات بھیجنے کی ضرورت کے لئے ڈاک خدمات کا آغاز ہوا۔ قدیم زمانے میں بھی تحریری پیغامات کا تبادلہ کیا جاتا تھا۔ اس وقت کچھ لوگوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پیغام لے جانے کے لئے مقرر کیا جاتا تھا جنھیں ہرکارہ کہا جاتا تھا۔ خطوط کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانے کے لئے تربیت یافتہ کبوتروں کا استعمال بھی کیا جاتا تھا۔ ہماری موجودہ ڈاک خدمات سڑک اور ریل کے آنے سے شروع ہوئی ہیں۔ ہندوستان میں 1837 تک ڈاک خدمات کا استعمال سرکاری ڈاک بھیجنے کے لئے کیا جاتا تھا اور اس کے بعد اس کا استعمال عوام کے لئے شروع کیا گیا۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ڈاک خانہ میں رقم بھیجنے کی سہولیت (منی آرڈر)، پارسل پہنچانا، بینکنگ، بیمہ اور دوسری خدمات شروع کی گئیں۔

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ ڈاک خانہ مختلف قسم کے کام کرتا ہے جس میں ڈاک خدمات کی نوعیت بڑی متنوع ہو جاتی ہے۔ آیئے ہم ڈاک خدمات کی نوعیت پر ایک نظر ڈالیں۔ ڈاک خدمات حکومت ہند کے ذریعے پورے ملک میں چلائی جاتی ہیں۔ اور ان تمام خدمات کے لئے بہت کم اخراجات لئے جاتے ہیں جسے عام آدمی بھی ادا کر سکتا ہے۔ اسے تحریری ترسیل کا سب سے بھروسہ مند طریقہ مانا جاتا ہے یہ عام لوگوں کے ذریعے دور دراز علاقوں میں رہنے والے اشخاص تک منی آڈر کے ذریعہ رقم پہونچانے کا سب سے بھروسہ مند طریقہ ہے۔ اسی طرح یہ قیمتی چیزوں کو پہنچانے کا بھی عام اور بہتر طریقہ ہے۔ ڈاک خانوں کے ذریعہ مہیا کی جانے والی بینکنگ خدمات کا گاؤں اور شہری علاقوں میں رہنے والے بے شمار لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں، کیوں کہ ان تک رسائی بھی آسان ہے اور ڈاک خانے ملک کے ہر حصے میں موجود بھی ہیں۔ ان ڈاک خانہ خدمات کا ایک دلچسپ پہلو یہ بھی ہے کہ ان میں مختلف طریقہ موجود ہیں جن کو لوگ اپنی ضرورت اور سہولت کے اعتبار سے استعمال کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر خط لکھنے کے لئے ہم پوسٹ کارڈ، داخلی خط یا لفافہ استعمال کر سکتے ہیں۔



نوٹ



## 8.3 ڈاک خانوں کے ذریعہ پیش کی جانے والی خدمات

ہندوستانی ڈاک خانوں کی خاص خدمات کا تعلق خط، پارسل، پیکٹ وغیرہ اکٹھا کرنے، اور چھانٹنے اور تقسیم کرنے وغیرہ سے ہے۔اس کے علاوہ کاروباری اداروں اور عوام کو کچھ دوسری خدمات بھی مہیا کی جاتی ہیں۔ان سبھی خدمات کو ہم ذیل کے تحت درجہ بند کر سکتے ہیں۔

i ڈاک خدمات(Mail service)

ii رقم بھیجنے کی خدمت(Remittance service)

iii بینکنگ خدمات(Banking service)

iv بیمہ خدمات(Insurance)

.v دیگر خدمات(Other service)


## 8.4 ڈاک خدمات

آپ مختلف موقعوں پر اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کو خط بھیجتے ہیں۔اسی طرح آپ ہم کو بھی اپنے مسائل کے سلسلے میں خط لکھ سکتے ہیں۔کچھ خاص موقعوں پر اپنے دوستوں کو مبارکباد کے خطوط اور تحفے بھیجتے ہیں۔ان سبھی موقعوں پر آپ کا پیغام بھیجنے اور آپ تک پہنچانے میں ڈاکخانہ اپنی مخصوص خدمات کے ذریعے آپ کی مدد کرتا ہے۔جسے ڈاک خدمات (Mail service) کہتے ہیں۔یہ ڈاک خانہ کی اہم خدمات میں سے ایک ہے جس کے تحت خطوط اور پارسل اکٹھے کر کے دوسرے لوگوں تک پہنچائے جاتے ہیں۔ہندوستانی ڈاک خدمات اندرونِ ملک اور بین الاقوامی ڈاک خانوں کے لئے دستیاب ہیں۔اندرونِ ملک ڈاک وہ ہے جس میں خط بھیجنے والا اور خط حاصل کرنے والا دونوں ایک ہی ملک میں رہتے ہیں جب کہ بین الاقوامی ڈاک میں دونوں ہی دو الگ الگ ممالک میں رہتے ہیں۔

تحریری پیغام بھیجنے والے کے لئے آپ پوسٹ کارڈ، اندرونِ ملک خط یا لفافے کا استعمال کر سکتے ہیں۔پیکٹ یا پارسل میں کوئی چیز بھیجنے کے لئے موٹے کاغذ یا کپڑے کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔یہ ڈاک گھر کے ذریعے بھیجنے کے الگ الگ طریقے ہیں۔آیئے ڈاک خدمات کے ان طریقوں کے بارے میں اور زیادہ معلومات حاصل کریں۔

### 1 پوسٹ کارڈ

پوسٹ کارڈ تحریری ترسیل کا سب سے سستا ذریعہ ہے۔یہ ایک کارڈ ہوتا ہے جس کے دونوں طرف پیغام لکھا جا سکتا ہے۔پوسٹ کارڈ پر کارڈ پانے والے کا نام و پتہ لکھنے کے لئے الگ سے جگہ ہوتی ہے۔ڈاک گھر میں دو قسم کے پوسٹ کارڈ ملتے ہیں ایک سادہ عام پوسٹ کارڈ ہوتا ہے اور دوسرا مقابلہ پوسٹ کارڈ۔سادہ یا عام پوسٹ کارڈ کا استعمال خط لکھنے کے لئے کیا




پوسٹ کارڈ

جاتا ہے اور مقابلہ پوسٹ کارڈ کا استعمال ریڈیو، ٹیلی ویژن اور رسالوں وغیرہ میں پوچھے اور چھپے سوالوں کا جواب دینے کے لئے کیا جاتا ہے۔ حالانکہ دونوں پوسٹ کارڈ کا سائز تو ایک ہو تا ہے لیکن ان کا رنگ اور قیمت مختلف ہوتی ہے۔

پوسٹ کارڈ پر لکھتے وقت آپ کو ایک بات کا دھیان رکھنا ہوگا کہ آپ اپنا پیغام چھاپتے ہیں یا کوئی تصویر پوسٹ کارڈ پر بناتے ہیں تو آپ کو زیادہ ڈاک ٹکٹ لگانی ہوگی اس قسم کے پوسٹ کارڈ کو چھپا ہوا پوسٹ کارڈ کہتے ہیں آپ نے ضرور کچھ مبارکبادی کارڈ دیکھے ہوں گے جو الگ الگ سائز کے ہوتے ہیں اور ان پر پیغام لکھے ہونے کے بجائے چھپے ہوئے ہوتے ہیں اور ساتھ میں کچھ تصویریں بھی ہوتی ہیں ان کو بھی چھپے ہوئے پوسٹ کارڈ کے درجہ میں رکھا جاتا ہے۔


### ii۔ اندرونِ ملک خط



اندرونِ ملک خط

تحریری پیغام پوسٹ کارڈ کی طرح اندرونِ ملک خط کے استعمال کے ذریعہ بھیجے جا سکتے ہیں۔ یہ خالی اندورنی ملک خط پوسٹ کارڈ بھی ڈاک خانوں سے حاصل کئے جا سکتے ہیں اور ملک بھر میں پیغام بھیجنے کے لئے استعمال کئے جا سکتے ہیں۔ پوسٹ کارڈ کے مقابلے اندرون ملک یا انتر دیسی خط کے تحریری حصے کو تہہ کر کے بند کر دیا جاتا ہے۔ صرف خط بھیجنے والے اور پانے والے کا نام و پتہ ہی اس میں نظر آتا ہے۔ اسی طرح یہ پیغام کو مخفی رکھنے میں مدد کرتا ہے لیکن انتر دیسی خط میں کسی دوسرے قسم کا کاغذ یا چیز نہیں بھیجی جا سکتی ہے۔ غیر ممالک میں خطوط بھیجنے کے واسطے ایروگرام یا ہوائی خط کا استعمال کیا جاتا ہے جو انتر دیسی خط جیسا ہوتا ہے۔

### iii لفافہ




پوسٹ کارڈ

آپ نے پڑھا کہ پوسٹ کارڈ یا انتر دیسی خط پر پیغام لکھا جاسکتا ہے پر پوسٹ کارڈ راز رکھنے والے پیغاموں کے لئے غیر محفوظ ہے۔ انتر دیسی خط میں کوئی چیز الگ سے نہیں رکھی جا سکتی

ہے حالانکہ اس میں پیغام مخفی رہتا ہے۔اب مان لیجئے آپ کو کسی کمپنی میں نوکری کے لئے درخواست یا اپنا بایوڈاٹا یا شخصی تفصیلات بھیجنی ہیں۔کیا آپ انہیں ڈاک کے ذریعے بھیج سکتے ہیں؟ ہاں ان کو بھیجنے کے لے آپ کو ڈاک لفافہ کی ضرورت ہوگی یا سادے لفافہ کی،جس پر ڈاک ٹکٹ چپکا دیا جاتا ہے۔یہ کاغذ کا ایک طرف سے کھلا ہوا چھوٹے سائز کا پیکٹ نما لفافہ ہوتا ہے۔اس لفافے میں لکھے ہوئے پیغام کو ڈال کر بند کرکے حاصل کرنے والے کو بھیج سکتے ہیں۔

لفافے سبھی ڈاک گھروں میں موجود ہوتے ہیں۔خط اور دوسرے دستاویز بھیجنے کے لئے سبھی سرکاری اور غیر سرکاری دفتروں اور کاروباری کمپنیوں میں ان کا استعمال کیا جاتا ہے۔خط بھیجنے کے علاوہ لفافوں میں ہم تصویریں،مبارکبادی خط جیسی کم وزنی چیزیں بھیج سکتے ہیں۔ڈاک گھر میں آپ کو الگ الگ قسم کے لفافے ملیں گے،جیسے عام لفافہ،رجسٹرڈ ڈاک کے لئے لفافہ وغیرہ۔اگر بھیجے جانے والے دستاویز کا وزن طے شدہ وزن سے کم ہے تو ان پر الگ سے ڈاک ٹکٹ لگانے کی کوئی ضرورت نہیں ہوتی۔اور اگر وزن طے شدہ وزن سے زیادہ ہو جائے تو ڈاک گھر اپنے حساب سے ان پر زیادہ ٹکٹ لگاتا ہے۔اور اگر آپ کا دستاویز ڈاک گھر میں ملنے والے لفافے کے اندر نہیں آتے تو آپ اپنا لفافہ بنا سکتے ہیں یا اسے بازار سے خرید سکتے ہیں کیونکہ ڈاک گھروں میں ملنے والے لفافوں کو استعمال کرنا لازمی نہیں ہے۔

### iv پارسل ڈاک



پارسل ڈاک کی ایک تصویر

مان لیجئے آپ کو قریب کے شہر میں رہنے والے دوست کو کتاب بھیجنی ہے۔کیا یہ کام آپ ڈاک کے ذریعے کر سکتے ہیں؟ ہاں،اس کو ڈاک گھر کے ذریعے بھیجا جا سکتا ہے۔آیئے اس کے متعلق معلوم کریں۔ڈاک محکمہ کی جن خدمات کے لئے پارسل کی شکل میں چیزیں بھیجی جا سکتی ہیں اسے پارسل ڈاک کہتے ہیں۔یہ پارسل پہنچانے کا بھروسہ مند اور سستا طریقہ ہے اس کے تحت مخصوص سائز اور وزن کے پارسل ملک اور غیر ممالک میں بھیجے جا سکتے ہیں۔ڈاک خرچ پارسل کے وزن اور دوری کے حساب سے لیا جاتا ہے۔ملکی اور غیر ملکی پارسل کے لئے الگ الگ ڈاک خرچہ دینا ہے۔



بک پوسٹ

### v بک پوسٹ

چھپی ہوئی شکل میں کوئی بھی مواد،چھپی ہوئی کتابیں،رسالے مبارکبادی خطوط وغیرہ بک پوسٹ کے ذریعے بھیجے جا سکتے ہیں۔اس کے تحت کتابوں اور دستاویز کے لفافے بند کیے

جاتے ہیں لیکن ان کو چپکایا یا مہر بند نہیں کیا جاتا۔لفافہ پر بک پوسٹ لکھا جانا چاہیئے۔ بک پوسٹ پر ڈاک خرچ اورلفافوں کے مقابلے کم ہوتا ہے۔

## متن پر مبنی سوالات 8.1

مندرجہ ذیل میں مناسب الفاظ چھانٹ کر خالی جگہوں کو پر کیجئے۔

(i) ایروگرام کے ذریعے ——————— میں تحریری پیغام بھیجا جاتا ہے۔

(ii) سادے پوسٹ کارڈ اور مقابلہ پوسٹ کارڈ کے ——————— میں فرق ہوتا ہے۔

(iii) اندرون ملک عام پارسل پر ڈاک خرچ ——————— کے مطابق الگ الگ ہوتا ہے۔

(iv) بک پوسٹ پر ڈاک خرچ بند لفافوں پر ڈاک خرچ سے ——————— ہوتا ہے۔


(v) جب کوئی ——————— پیغام بھیجنا ہو تو پوسٹ کارڈ کے بجائے انتر دیسی خط کا استعمال کیا جانا چاہیئے۔

## 8.5 رقم بھیجنے کی خدمات

مان لیجئے کہ آپ اپنے گھر سے دور کسی دوسری جگہ پر نوکری کرتے ہیں اور آپ اپنے گھر والوں کو رقم بھیجنا چاہتے ہیں۔ آپ ڈاکخانہ رقم بھیجنے والی خدمات کے ذریعے ایسا کر سکتے ہیں۔ڈاک گھر اس سلسلے میں منی آرڈر اور پوسٹل آرڈر جیسی خدمات مہیا کرتا ہے جن کی مدد سے لوگ اپنا پیسہ ملک کے اندر اور باہر بھیج سکتے ہیں۔ آیئے منی آرڈر اور پوسٹل آرڈر کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔

### (a) منی آرڈر

منی آرڈر کے ذریعے ڈاک خانہ کی مدد سے رقم بھیجی جاسکتی ہے۔منی آرڈر ایک ڈاک خانہ سے دوسرے ڈاک خانہ کو بھیجا جانے والا الحکم یا ہدایت ہے۔ جس کے تحت دوسرا ڈاک گھر کسی خاص آدمی کو ایک مقررہ رقم کی ادئیگی کرتا ہے۔اگر آپ رقم بھیجنا چاہتے ہیں تو پہلے آپ کو منی آرڈر فارم بھرنا ہوگا۔ جو سبھی ڈاک خانوں میں کچھ پیسہ دیکر ملتا ہے۔ پھر اس کو بھری ہوئی رقم کے ساتھ ڈاک گھر میں دینا ہوتا ہے۔ ایک منی آرڈر کے ذریعہ زیادہ سے زیادہ 5 ہزار روپے کی رقم بھیجی جاسکتی ہے۔منی آرڈر فارم میں کچھ جگہ خالی بھی ہوتی ہے جہاں آپ اپنا پیغام بھی لکھ سکتے ہیں۔ بھرے ہوئے فارم کو


M.O. 8 DEPARTMENT OF POST, INDIA 10 Paise
MONEY ORDER
M.O. ACKNOWLEDGEMENT

منی آرڈر فارم

س ڈاک خانہ کو روانہ کیا جاتا ہے جہاں سے متعلقہ شخص کو اس کی ادائیگی ہونی چاہیے۔ پھر یہ فارم ڈاکیہ اپنے ساتھ لے کر اس آدمی تک پہنچتا ہے جس کو رقم دینی ہے اور اس شخص کے دستخط کروا کر رقم اسے دے دیتا ہے۔ اس خدمت کے لئے ڈاکخانہ ایک طے شدہ مقررہ شرح سے کمیشن وصول کرتا ہے جو بھیجی جانے رقم کے مطابق ہوتا ہے۔

گاہکوں کی سہولت کے لئے ڈاک خانہ مختلف قسم کی منی آرڈر سہولیات فراہم کرتا ہے جیسے سادہ منی آرڈر، تار منی آرڈر، سٹیلائٹ منی آرڈر، اسپیڈ پوسٹ منی آرڈر وغیرہ۔ تاجروں کی سہولیات کے لئے کارپوریٹ منی آرڈر خدمات بھی پیش کی جاتی ہے۔

### (b) پوسٹل آرڈر

منی آرڈر کی طرح ہم پوسٹل آرڈر سے بھی رقم بھیج سکتے ہیں۔ جس کو مختصراً (IPO) کہتے ہیں یہ ایک جگہ سے دوسری جگہ تک رقم بھیجنے کا اچھا طریقہ ہے اور اس کو زیادہ تر نوکری کی درخواست یا امتحانات وغیرہ کی فیس بھیجنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔



پوسٹل آرڈر کی تصویر

پوسٹل آرڈر سبھی ڈاک خانوں میں مختلف رقم کے جیسے ایک روپے، دو روپے، پانچ روپے، سات روپے، دس روپے، بیس روپے، پچاس روپے اور سو روپئے کے موجود ہوتے ہیں۔ ہم متعلقہ رقم ادا کر کے IPO خرید سکتے ہیں اور پانے والا کا یا جس ڈاک خانہ سے رقم لینی ہے اس کا نام لکھ کر کر یہ IPO پانے والے والے کو بھیج سکتے ہیں۔ پوسٹل آرڈر پانے والا اسے وصولی کے لئے ڈاک خانہ میں پیش کر دیتا ہے۔ اس بات کا یقین کرنے کے لئے کہ پوسٹل آرڈر صحیح آدمی کو ہی ملیں ہم پوسٹل آرڈر کو ٹھیک اسی طرح اوپر بائیں طرف کے کونے پر دو یکساں لکیریں کھینچ دیتے ہیں جس طرح بینک ڈرافٹ یا چیک کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ یہ طریقہ عام طور پر دفتری مقاصد کے لئے بھیجے گئے پوسٹل آرڈروں میں اپنایا جاتا ہے۔

## 8.6 بینکنگ خدمات

آپ جانتے ہیں کہ بینک رقم کا لین دین کرتے ہیں۔ بینک عوام سے رقم جمع کرتے ہیں اور جن لوگوں کو اس کی ضرورت ہوتی ہے انہیں قرضے کی شکل میں دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ بینک گاہکوں کو قیمتی چیزیں حفاظت سے رکھنے ایک ایک جگہ سے دوسری جگہ رقم بھیجنے، کاروباری معلومات فراہم کرنے وغیرہ جیسے کام کر کے اپنے گاہکوں کی مدد کرتے ہیں۔ اسی طرح ڈاک خانہ بھی کچھ اسی طرح کی خدمات انجام دیتے ہیں جیسے عوام کی رقم جمع کرنا، جمع رقم کو نکالنا وغیرہ۔ ان کو ہم ڈاک خانوں کے



نوٹ

ذریعے دی جانے والی بینکنگ خدمات کے نام سے جانتے ہیں۔اس طرح ڈاک خانہ بچت کو بڑھاوا دینے اور لوگوں کو بچت جمع کرنے کے لئے مختلف قسم کی اسکیمیں چلاتا ہے۔آیئے ہم ڈاک گھروں کی کچھ اہم بچت اسکیموں کے بارے میں جانیں۔

i. **ڈاک خانہ بچت بینک کھاتہ:** اس میں ہم ڈاک خانہ میں اپنی بچت کی رقم کو جمع کرا سکتے ہیں اور ضرورت کے تحت اسے نکال بھی سکتے ہیں۔کھاتہ کھولنے کے لئے کم از کم پچاس روپے کی ضرورت ہوتی ہے اور ہم اپنے کھاتے میں زیادہ سے زیادہ ایک لاکھ روپیہ جمع کر سکتے ہیں۔یہ کھاتہ مل جل کر بھی چلایا جاتا ہے یعنی مجموعی طور پر جس کے لئے جمع کرنے والی رقم زیادہ سے زیادہ دو لاکھ روپئے ہو سکتی ہے۔رقم نکالنے کے لئے پرچی یا چیک دونوں کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ڈاک گھر ہماری بچت پر ہمیں سود دیتا ہے جو انکم ٹیکس سے پوری طرح بری ہوتا ہے۔

ii. **پنج سالہ ڈاکخانہ متواتر جمع اسکیم:** ریکرنگ جمع کھاتہ پانچ روپے کی ضرب میں کم سے کم 10 روپے کی رقم سے کھولا جا سکتا ہے اس کی کوئی زیادہ سے زیادہ حد نہیں ہوتی ہے۔پانچ سال کیلئے ہر مہینے کچھ رقم جمع کرانی ہوتی ہے۔ایک سال کے بعد جمع رقم کا پچاس فیصدی پانچ سال کے عرصے میں صرف ایک بار نکالا جا سکتا ہے۔ایک ہی آدمی کے نام پر ایک سے زیادہ ریکرنگ جمع کھاتے کھولے جا سکتے ہیں۔مدت پوری ہونے یا پختگی ہونے کی صورت 10 روپئے کا کھاتہ 728.90 روپئے تک پہنچ جاتا ہے اس کھاتے کو سال بہ سال بنیاد پر مزید 5 پانچ سال جاری رکھا جا سکتا ہے۔

iii **ڈاک گھر مقررہ مدت جمع کھاتہ:** کم از کم دوسو روپے کی رقم سے کوئی بھی شخص یہ کھاتا کھول سکتا ہے۔اس کی کوئی حد نہیں ہوتی۔جمع کرنے والا ایک ہی بار میں پوری رقم جمع کر سکتا ہے اور یہ رقم اسے ایک طے شدہ وقت جیسے 1، 2، 3، 5 سال کے بعد ملتی ہے اس کھاتے پر ہر تین مہینے میں شمار ہونے والا سود آخر میں ایک بار دیا جاتا ہے یہ کھاتا کسی ٹرسٹ کے ذریعے بھی کھولا جا سکتا ہے۔جمع رقم اور سود کی رقم دونوں ہی ٹیکس مستثنیٰ سے بری ہوتی ہیں۔

iv **ڈاک گھر ماہانہ آمدنی اسکیم:** اس اسکیم کے تحت ایک طے شدہ رقم چھ سال کی مدت کے لئے جمع کی جاتی ہے اور اس پر ہر مہینے سود ملتا ہے اور اس اسکیم کے تحت کم از کم 1,500 روپے اور زیادہ سے زیادہ 4.5 لاکھ روپے انفرادی کھاتے میں اور مجموعی کھاتے میں زیادہ سے زیادہ 9 لاکھ روپے جمع کیا جا سکتا ہے۔سود کے علاوہ جمع رقم پر پانچ فیصدی کا بونس بھی ملتا ہے جس کی ادائیگی اسکیم کے خاتمے کے بعد کی جاتی ہے۔سود اور بونس ہی دونوں انکم ٹیکس سے بری ہیں۔یہ کھاتاہ ریٹائرڈ لوگوں (ملازمین) یا کسی بھی ایسے آدمی کے لئے مناسب ہے جو تنخواہ یا پینشن کی طرح پابندی کے ساتھ آمدنی پانا چاہتا ہے۔

v **چھ سالہ قومی بچت سرٹیفکٹ (آٹھواں اجزاء) اسکیم:** قومی بچت سرٹیفکٹ (نیشنل سیونگ سرٹیفکٹ) کسی بھی ڈاک خانے سے خریدا جا سکتا ہے (i) کسی بالغ کے ذریعہ خود کے لئے یا کسی نابالغ کے لئے یا کسی نابالغ کے ذریعہ (ii) دو بالغ مشترکہ طور پر ہو سکتے ہیں یا (iii) کوئی ٹرسٹ ہو سکتا ہے۔جمع کرانے والے کی کم از کم سو روپے ہونی

چاہیے جب کہ زیادہ سے زیادہ رقم کتنی بھی ہوسکتی ہے۔ یہ سرٹیفکٹ 100 روپے 500 روپے 1000 روپے 5000 روپے اور 10.000 روپے کی شکل میں ملتے ہیں۔ جمع رقم پر ہر چھے مہینے میں سود لگایا جاتا ہے۔ چھے سال گزرنے کے بعد یہ سرٹیفکٹ ڈاک خانے سے بھنائے جاسکتے ہیں۔ سود کی آمدنی کو پھر جمع رقم مانا جاتا ہے اور اس رقم پر انکم ٹیکس میں چھوٹ بھی ملتی ہے۔ یہ بچت اسکیم انکم ٹیکس دینے والوں میں بہت مقبول ہے۔

vi **پندرہ سالہ پبلک پروویڈینٹ فنڈ کھاتا:** آدمی اپنے نام سے یا اپنے نابالغ بچوں کے نام پر یہ کھاتا کھول سکتا ہے۔ اس کھاتے میں کم از کم ایک بار رقم جمع کروانی ہوتی ہے۔ ایک آدمی ایک سال میں زیادہ سے زیادہ 70,000 روپے جمع کرواسکتا ہے جو یک مشت یا بارہ قسطوں میں جمع کروائی جاسکتی ہے اس میں ہر سال کم از کم 500 روپے جمع کرانے ہوتے ہیں۔ ہر جمع رقم 100 روپے کی ضرب میں ہونی چاہیے اس کا مطلب یہ کہ آپ 1250 روپے یا 3785 روپے جیسی رقم جمع نہیں کرواسکتے بلکہ جمع رقم 1200 روپے یا 3700 روپے ہونی چاہیے۔ تین سال گزرنے کے بعد اس جمع شدہ رقم پر قرض بھی مل سکتا ہے جب کہ کھاتا سے صرف 7 سال بعد ہی رقم نکالی جاسکتی ہے جمع رقم میں انکم ٹیکس میں چھوٹ بھی ملتی ہے اور سود کی رقم بھی ٹیکس سے پوری طرح بری ہوتی ہے۔

vii **کسان وکاس پتر اسکیم:** اس اسکیم میں ایک مخصوص رقم ایک مقررہ مدت میں دوگنی ہوجاتی ہے۔ کسان وکاس پتر میں رقم (i) کسی شخص کے ذریعہ اپنے لئے یا نابالغ کے لئے (ii) دو افراد مشترکہ طور پر یا (iii) ٹرسٹ کے ذریعہ جمع کی جاسکتی ہے یہ پتر سبھی ڈاک خانوں میں 100 روپے 500 روپے 1000 روپے والے کسان وکاس پتر صرف مرکزی ڈاک خانوں میں ہی ملتے ہیں۔ جمع کی جانے والی رقم کی زیادہ سے زیادہ کوئی مقدار نہیں ہوتی۔ رقم نکالنے کی تاریخ سے پہلے بھی رقم نکالی جاسکتی ہے لیکن ایک کم سے کم مقررہ مدت جسے لاک ان پیریڈ کہتے ہیں۔ اس سے پہلے یہ رقم نہیں نکالی جاسکتی ہے۔

viii **سینئر سٹیزن بچت اسکیم:** اس اسکیم کو کوئی بھی فرد صرف ایک بار 1000 روپے کی ضرب میں جمع کرسکتا ہے لیکن یہ رقم 15,00,000 سے تجاوز نہیں ہونی چاہیے۔ پختگی کی مدت پانچ سال ہے اسے انفرادی طور پر یا اپنے جوڑے کے ساتھ مشترکہ طور پر چلایا جاسکتا ہے عمر 60 یا اس سے زیادہ کی ہونی چاہیے۔ سود 31 مارچ 30 جون 31 دسمبر کو پہلی بار واجب الادا ہوتا ہے اور اس کے بعد 31 مارچ 30 جون 30 ستمبر 31 دسمبر کو واجب الادا ہوگا۔

## متن پر مبنی سوالات 8.2

مناسب الفاظ چن کر خالی جگہوں کو بھریئے

(i) ڈاک خانہ پبلک پروڈیڈینٹ کھاتا میں ایک سال سے زیادہ سے زیادہ ———— روپیہ جمع کئے جاسکتے ہیں۔

(ii) ایک منی آرڈر فام سے ہم زیادہ سے زیادہ ———— روپے بھیج سکتے ہیں۔

(iii) صحیح آدمی کو رقم جمع کرنے کے لئے ہم پوسٹل آرڈر کو ———— کر سکتے ہیں۔

(iv) ———— سال پورے ہونے کے بعد PPF کھاتے دار کو قرض کی سہولت مہیا کی جاتی ہے۔

(v) نیشنل سیونگ سرٹیفکٹ کو ———— سال کے بعد بھنا جا سکتا ہے۔

## 8.7 بیمہ خدمات

خطوط، ڈاک اور رقم بھیجنے کی خدمات کے علاوہ ڈاک محکمہ لوگوں کو زندگی بیمہ کی سہولیات بھی مہیا کرواتا ہے۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ بیمہ کیا ہوتا ہے؟ بیمہ دو فریق کے درمیان ایک معاہدہ ہوتا ہے جس میں ایک دوسرے فریق کو کوئی واقعہ ہونے پر جس سے اس فریق کو کسی طرح کا نقصان ہونے میں اسے ایک طے شدہ رقم دینے کا وعدہ کرتا ہے۔ اسے بیمہ کرنے والا اور دوسرے فریق کو بیمہ کروانے والا کہتے ہیں۔ معاہدہ کے مطابق بیمہ کروانے والا ایک مشت یا قسطوں میں ایک طے شدہ رقم (پریمیم) ایک طے شدہ وقت کے لئے بیمہ کرنے والے کو دیتا ہے۔ اگر اس دوران میں بیمہ کروانے والے کے ساتھ کچھ واقعہ پیش آجاتا ہے تو بیمہ کرنے والا اس کو یا اس کے خاندان والوں کو وہ رقم دیتا ہے۔ ڈاک گھروں کے ذریعہ دو اسکیموں کے تحت جیون بیمہ (زندگی بیمہ) کی سہولت مہیا کرتا ہے۔ (ا) ڈاک زندگی بیمہ (PLI) اور دیسی ڈاک زندگی بیمہ (RPLI) آیئے ان اسکیموں کے بارے میں تفصیل سے مطالعہ کریں۔

### i۔ ڈاک خانہ زندگی بیمہ

ڈاک گھر زندگی بیمہ شروع میں ڈاک خانہ ملازمین کے لئے شروع کرائی گئی تھی۔ گزشتہ سالوں میں اس کے تحت مرکزی اور ریاستی سرکار، پبلک سیکٹر کمپنیاں، یونیورسٹیاں، سرکاری گرانٹ والی تنظیمیں، قومیائے گئے بینک اور دیگر مالیاتی اداروں کے ملازمین بھی شامل کر لیے گئے ہیں۔ ڈاک محکمہ ان تنظیموں کے ان مازمین جن کی عمر پچاس سال سے کم ہے، کا طے شدہ وقت کے لئے طے شدہ پریمیم کے ساتھ زندگی بیمہ کرتا ہے۔ ڈاک گھر بیمہ کروانے والے کی موت یا مخصوص مدت پوری ہو جانے پر طے شدہ رقم کا وعدہ کرتا ہے۔

### 11۔ دیہی ڈاک خانہ زندگی بیمہ

ڈاک خانہ زندگی بیمہ کی طرح دیہی علاقوں میں رہنے والے لوگوں اور سماج کے کمزور طبقوں سے تعلق رکھنے والوں کے لئے بھی زندگی بیمہ کی سہولیات مہیا کرواتا ہے۔ اسے دیہی ڈاک خانہ زندگی بیمہ کہتے ہیں اس کے تحت بیمہ کروانے والا شخص بیمہ کے لئے بہت کم قسط کی رقم دیتا ہے۔



نوٹ



## 8.8 دیگر ڈاک خدمات

ابھی تک آپ نے ڈاک، رقم بھیجنے، بینکنگ، بیمہ وغیرہ کی مختلف خدمات کے بارے میں معلومات حاصل کی ہیں۔ ان سب کے علاوہ ڈاک محکمہ کچھ اور دوسری سہولیات بھی مہیا کرواتا ہے جو مندرجہ ذیل ہیں۔

i۔ **ٹکٹوں کی فروخت:** ڈاک کے ٹکٹوں کے علاوہ ڈاک گھروں میں ٹکٹ شیئر ٹرانسفر ٹکٹ، رسیدی ٹکٹ، وغیرہ بھی فروخت کیے جاتے ہیں اگر لین دین کی رقم پانچ سو روپے سے زائد ہو تو رقم حاصل کرنے والے سے رسید پہ ٹکٹ لگا کر دستخط لیے جاتے ہیں ٹرانسفر ٹکٹ کا استعمال حصص کی خرید و فروخت کے دوران کیا جاتا ہے۔ اس طرح بھرتی ٹکٹ کا استعمال امیدواروں کی بھرتی کرتے وقت کیا جاتا ہے۔

ii۔ **فارم کی بکری:** ڈاک گھروں میں کئی قسم کے فارم جیسے پاسپورٹ فارم، UPSC فارم اور ایس ایس سی فارم وغیرہ بھی فروخت کیے جاتے ہیں۔

iii۔ **بلوں کی ادائیگی:** ڈاک گھروں میں ٹیلی فون، بجلی، پانی وغیرہ کے بل بھی صارفین سے لے کر جمع کئے جاتے ہیں۔

iv۔ **پینشن کی ادائیگی:** پینشن حاصل کرنے والوں کے لئے حکومت ہند نے ڈاک خانوں کے ذریعے پینشن کی ادائیگی کا انتظام کیا ہے۔ فوج، ریلوے، کوئلہ کی کانوں اور ٹیلی کام محکموں کے سابقہ ملازمین کے نزدیک کے ڈاک خانہ سے اس خدمات کا فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ ڈاک خانہ بزرگ لوگوں کے واسطے عمر رسیدہ پینشن کی سہولت بھی مہیا کرواتا ہے۔ سماجی فلاح کی وزارت اور ریاستی پینشن ادا کرتی ہیں۔

v۔ **ڈاک دکان:** ڈاک خانوں کے اندر چھوٹی چھوٹی دکانوں میں ڈاک سے متعلق سامان، مبارکبادی خطوط اور چھوٹے چھوٹے تحفے بھی بیچے جاتے ہیں۔

vi۔ **خاص ڈاک جمع کرنے کا مشغلہ:** ڈاک گھر کچھ خاص قسم کی ٹکٹیں یادگاری ٹکٹیں اور لفافے جاری کرتا ہے جن پر ملک کی قدرتی و ثقافتی وراثت کی جھلک ملتی ہے ان کے ذریعے سے اہم ملکی و غیر ملکی واقعات، مشہور شخصیات اور اداروں کو اعزاز دیا جاتا ہے۔ خصوصی ٹکٹوں کے میدان میں ان ٹکٹوں اور لفافوں کا ایک خاص مقام ہے۔

vi **گرامین سنچار سیوک اسکیم:** ہر گھر میں ٹیلی فون کی سہولیت فراہم کرنے کے مقصد سے گرامین سنچار سیوک اسکیم شروع کی گئی ہے۔ یہ ڈاک محکمہ اور بھارت سنچار نگم لیمیٹڈ BSNAL کا اجتماعی پروگرام ہے۔ اس کے تحت گھر گھر میں ڈاک پہونچانے والے ڈاکیہ کے پاس ایک موبائل فون ہوگا۔ ڈاکیہ کو ایک طے شدہ رقم دے کر لوگ اس فون کا استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ سہولیت صرف دیہاتی علاقوں میں موجود ہے۔



نوٹ

## متن پر مبنی سوالات 8.3

مندرجہ ذیل بیانات میں سے کون سے درست اور کون سے غلط ہیں۔

(i) 52 سال کا کوئی سرکاری ملازم ڈاک خانہ میں زندگی بیمہ کرا سکتا ہے۔

(ii) 600 روپے کی لین دین میں رسید پر رسیدی ٹکٹ لگانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

(iii) ڈاک دکان میں سلے ہوئے کپڑے ملتے ہیں۔

(iv) ڈاک خانہ ہمارے سماج کے کمزور طبقے کے فائدے کے لئے ڈاک بیمہ زندگی اسکیم چلاتا ہے۔

(v) گرامین سنچار سیوک اسکیم صرف دیہی علاقوں میں دستیاب ہے۔

## 8.9 خصوصی ڈاک خدمات

عوام کی سہولت کے لئے ڈاک محکمہ علیحدہ سے ایسی ڈاک خدمات انجام دیتا ہے جن میں کچھ زائد فائدے ہوں مثلاً جن میں ڈاک جلدی بھیجنے، ڈاک کو یقینی طور پر تقسیم کرنے کی یقین دہانی کرنا راستہ میں ہوئے نقصان پر ڈاک بھیجنے والے کو معاوضہ دینا وغیرہ شامل ہیں۔ آپ ان خدمات کا فائدہ صرف تھوڑا سا زیادہ پیسہ دے کر اٹھا سکتے ہیں۔ آیئے ان خدمات کے بارے میں معلومات حاصل کی جائے۔

### i۔ سرٹیفکٹ آف پوسٹنگ

جب ہم عام خطوط ڈاک خانہ کے ذریعے بھیجتے ہیں تو ڈاک خانہ سے اس کی کوئی رسید نہیں ملتی کیونکہ ہم ان کو ڈاک خانہ میں لگے لیٹر بکس میں ڈال دیتے ہیں لیکن اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اسے ڈاک خانہ اس کے ذریعے ڈالے گئے خط کی رسید دے تو وہ اس طرح کی رسید یعنی سرٹیفکٹ آف پوسٹنگ تھوڑا سا پیسہ دے کر حاصل کر سکتا ہے۔ ایسے سرٹیفکٹ حاصل کرنے کے لئے آپ کو خط بھیجنے والے اور حاصل کرنے والے کا نام اور مکمل پتہ ایک سادہ کاغذ پر لکھ کر اس پر ڈاک کا مقررہ ڈاک ٹکٹ لگانا ہوتا ہے۔ اور پھر یہ کاغذ خط کے ساتھ ڈاک گھر میں دیا جاتا ہے ڈاک گھر اس کاغذ پر اپنی مہر لگا کر آپ کو واپس کر دیتا ہے اور خط اپنے پاس رکھ لیتا ہے اس طرح سے یہ کاغذ جو آپ کو مہر لگا کر واپس ملا ہے اسے سرٹیفکٹ آف پوسٹنگ کہتے ہیں۔ لیکن اپنے لفافوں پر یو۔ پی۔ سی۔ (u.p.c.) لکھنا نہ بھولیں جس کا مطلب ہے انڈر پوسٹل سرٹیفکٹ یعنی ''ڈاک رسید کے تحت خط''۔ یہ خط ارسال کرنے کے ثبوت کا کام کرے گا۔

ترسیل کے بارے میں کسی طرح کے تنازعہ کے معاملے میں یہ ثبوت کے طور پر کام کر سکتا ہے

نوٹ



### ii۔ رجسٹرڈ شدہ ڈاک

کبھی کبھی ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہمارے ذریعے بھیجی گئی ڈاک حاصل کرنے والے کو یقینی طور پر مل جائے یا اسے نہ ملنے پر ہمارے پاس آجائے۔ ایسی صورت میں ڈاک گھر رجسٹرڈ شدہ ڈاک کی سہولت دیتا ہے جس سے ہم اپنے خط اور پارسل بھیج سکتے ہیں۔ ایسی ڈاک پر رجسٹری کے زائد اخراجات کے طور پر زیادہ ڈاک ٹکٹ لگا کر اسے ڈاک گھر میں دے دیا جاتا ہے۔ ایسی ڈاک حاصل کرتے ہی ڈاک گھر والے ایک رسید جاری کر دیتے ہیں جو ثبوت کا کام کرتی ہے۔ یاد رکھیے کہ اگر آپ نے ایسی ڈاک پر اپنا پورا پتہ نہیں لکھا تو ڈاک گھر اس کو قبول نہیں کرے گا۔ رجسٹرڈ ڈاک کو عام ڈاک سے الگ کرنے کے لئے اس کے ''اوپر رجسٹرڈ ڈاک'' لکھا جاتا ہے۔

کیا آپ اس بات کا بھی ثبوت چاہتے ہیں کہ آپ کا خط پانے والے تک پہونچ گیا ہے؟ اس کے لئے ڈاک محکمہ ایک اور سہولیت مہیا کرتا ہے۔ عام طور پر رجسٹرڈ ڈاک پانے والے کو یہ ڈاک دیتے وقت ڈاک محکمہ اپنے ایک کاغذ پر اس کے دستخط کرا لیتا ہے۔ ڈاک محکمہ اسی کاغذ کو اپنے پاس رکھتا ہے۔ لیکن اس کی اطلاع ڈاک بھیجنے والے شخص کو اس وقت تک نہیں کی جاتی جب تک کہ وہ اس کے بارے میں دریافت نہ کر لے۔ لیکن اگر ڈاک بھیجنے والا شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کو یہ پتا چلے کہ ڈاک پانے والے نے ڈاک وصول کر لی ہے تو ایسی صورت میں ڈاک خانہ میں موجود ایک کارڈ جسے ایکنولیجمنٹ کارڈ یا وصول ہونے کی اطلاع کارڈ کہتے ہیں تھوڑے سے پیسے دے کر حاصل کیا جا سکتا ہے اور اس کو رجسٹرڈ ڈاک کے سات لگا کر بھیجا جاتا ہے او رکارڈ پر بھیجنے والا اپنا نام اور پتہ لکھ دیتا ہے اور پانے والا ڈاک وصول کرنے کے بعد اس پر دستخط کر کے یہ کارڈ واپس کر دیتا ہے یہ کارڈ اس طرف سے بھیجنے والے کو پتہ چل جاتا ہے کہ اس کے ذریعہ بھیجی گئی ڈاک پانے والے تک پہونچ گئی ہے اس لفافے کے اوپر ''رجسٹرڈ پوسٹ مع اے۔ ڈی۔'' لکھنا ضروری ہے۔ اے ڈی سے مراد ہے ایکنالیجمنٹ ڈیو یعنی وصول ہونے کی اطلاع واجب ہے۔

### iii۔ بیمہ شدہ ڈاک

منتقلی کے دوران ڈاک کو کسی قسم کا نقصان پہنچ سکتا ہے جسے بھیجنے والے کو نقصان کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ کیا راستے میں ہونے والے نقصانات کی وجہ سے ڈاک محکمہ کو ذمہ دار ٹھہرایا جا سکے؟ عام خطوط، رجسٹرڈ خطوط یا پارسل کے معاملے میں ڈاک خانہ سامان کے کسی طرح کے نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوتا، تاہم اسی طرح کا اہتمام ہے کہ ارسال کنندہ خط یا پارسل کا بیمہ کرا سکتا ہے۔ بیمہ شدہ ڈاک کو کسی قسم کا نقصان ہونے پر ڈاک محکمہ اس کا معاوضہ ادا کرتا ہے۔ اسی طرح قیمتی چیزوں کے لئے مخصوص رقم کے ساتھ ڈاک بھیجنے والا اس کا بیمہ ڈاک محکمہ سے کروا سکتا ہے۔ بیمہ کے لئے دی جانے والی رقم پریمیم (premium) کہتے ہیں اور یہ پیسہ ڈاک خانہ میں ڈاک کے ساتھ ہی جمع کروایا جاتا ہے۔ یہاں ڈاک خانہ بیمہ کر کے اپنے اوپر اس بات کی ذمہ داری لیتا ہے کہ اگر ڈاک کو کسی قسم کا نقصان پہنچتا ہے تو بیمہ کی مقررہ رقم ادا کرنے کی ذمہ داری اس کی







ہوگی۔صرف رجسٹرڈ ڈاک ہی بیمہ ڈاک کے ذریعے بھیجی جاتی ہیں۔ یہ بھی دھیان رہے کہ آپ کے خطوط اور پارسل وغیرہ اس وقت تک بیمہ شدہ ڈاک کے لئے وصول نہیں کیے جائیں گے۔ جب تک کہ ان کو ڈاک محکمہ کی ہدایات کے مطابق پیک کر کے مہر بند نہ کر دیا جائے۔

### iv۔ تیز رفتار ڈاک

اسپیڈ پوسٹ خدمات یکم اگست 1986 کو شروع کی گئی تھی۔کبھی کبھی ایمرجنسی یا ہنگامی صورت میں یا تاخیر سے بچنے کے لئے ہم چاہتے ہیں کہ ڈاک حاصل کرنے والے کے پاس ہماری ڈاک بہت جلد پہنچ جائے۔ایسے میں ڈاک محکمہ طے شدہ وقت کے اندر ڈاک پہنچانے کی یقین دہانی کرتا ہے اس کو اسپیڈ پوسٹ یا تیز رفتار ڈاک خدمت کہتے ہیں جس کے تحت خطوط، پارسل اور دوسری دستاویزات سے طے شدہ وقت میں تیزی کے ساتھ وصول کرنے والے تک پہنچ جاتی ہیں۔ یہ خدمت کچھ مخصوص ڈاک خانوں میں دستیاب ہے اس کے لئے عام ڈاک سے زیادہ پیسہ دینا پڑتا ہے جو دوری کے حساب سے کم اور زیادہ ہوتا ہے۔یہ مخصوص اسپیڈ پوسٹ مراکز پر 24 گھنٹے دستیاب رہتی ہے: ڈاکخانے ان ارسال کنندہ کے دروازے سے اسپیڈ پوسٹ ڈاک وصول کر لیتے ہیں جو پابندی سے بڑی مقدار میں بھیجتے ہیں۔

### v۔ بذریعہ پوسٹ ماسٹر ڈاک

اگر آپ کو کسی ایسے آدمی کو خط بھیجنا ہے جس کا پتہ آپ کو ٹھیک ٹھیک معلوم نہیں ہے تو آپ اس خط کو اس علاقہ کے پوسٹ ماسٹر کو بھیج سکتے ہیں جہاں حاصل کرنے والا آدمی رہتا ہے۔ان خطوط کو ذریعہ پوسٹ ماسٹر ڈاک کہتے ہیں ایسے خطوط کے اوپر ''بذریعہ پوسٹ ماسٹر ڈاک'' لکھنا ضروری ہے۔ایسے خطوط کو اس علاقے کے ڈاک خانے والے اپنے پاس رکھ لیتے ہیں اور حاصل کرنے والے آدمی کو ڈاک گھر آ کر ہی ایسے خطوط حاصل کرنے پڑتے ہیں۔ڈاک گھر میں ایسے خط 14 دن تک رکھے جاتے ہیں۔اس کے بعد یہ خط یہ تو واپسی ڈاک آفس میں رکھ دیے جاتے ہیں یا یہ واپس بھیجنے والے کو لوٹا دیئے جاتے ہیں۔ یہ خدمت ایسے لوگوں کے لئے مناسب ہے جو کہیں پر سیاح ہوں یا گشتی سپلائی مین ہوں جن کا کسی جگہ پر مستقل پتہ وٹھکانہ نہ ہو۔

## متن پر مبنی سوالات 8.4

مندرجہ ذیل بیانات میں سے کون سے درست اور کون سے غلط ہیں؟

(i) اسپیڈ پوسٹ خدمت سبھی ڈاک خانوں میں دستیاب ہوتی ہے۔

(ii) بیمہ شدہ ڈاک سے صرف رجسٹرڈ ڈاک ہی بھیجی جاسکتی ہے۔





(iii) ڈاک بذریعہ پوسٹ ماسٹر کو صرف ایک ہفتہ ڈاک خانہ میں رکھا جاتا ہے۔

(iv) بیمہ شدہ خدمات ڈاک کے لئے دونوں ڈاک خانوں کے درمیان کی دوری کے مطابق علیحدہ سے زائد رقم دینی ہوتی ہے۔

(v) اگر راستے میں خط کھو جاتا ہے تو سرٹیفکٹ آف پوسٹنگ کے تحت خط بھیجنے والے کو معاوضہ حاصل کرنے کا حق نہیں ملتا۔

## 8.10 ڈاک ترسیل

ڈاک خانہ اپنی کھڑکیوں اور لیٹر بکسوں کے ذریعے خط اور پارسل اکٹھا کرتا ہے۔ لوگ اپنے خط ڈاک بکسوں میں ڈالتے ہیں ڈاکیہ انہیں دن میں ایک دو یا اس سے زیادہ مرتبہ کھول کر ڈاک نکال لیتا ہے۔ ایسے لیٹر باکس یا ڈبے ہر ڈاک خانہ کے باہر اور کچھ خاص جگہوں پر عوام کی آسانی کے لئے موجود ہوتے ہیں۔ لیکن کیا آپ نے دھیان دیا ہے کہ کچھ جگہوں پر لال، ہرے، اور پیلے رنگ کے الگ الگ لیٹر باکس لگے ہوتے ہیں۔ ایسا کیوں ہے؟ حقیقت میں الگ الگ رنگوں کے ڈبے لگانے کا ایک مقصد ہے اور وہ یہ ہے کہ ان میں ڈاک الگ الگ جگہوں پر ہوتی ہیں جس سے خطوط کی چھٹائی میں آسانی ہو جاتی ہے۔ آیئے دیکھیں کہ کس ڈبے میں کون سے خط ڈالے جاتے ہیں۔

- لال لیٹر بکس میں وہ خط ڈالے جاتے ہیں جو مقامی (لوکل) نہیں ہیں۔
- ہرے بکس میں مقامی (لوکل) ڈاک ڈالی جاتی ہے۔
- نیلے بکس میں بڑے شہروں (میٹرو) میں جانے والی ڈاک ڈالی جاتی ہے۔
- پیلے لیٹر بکس میں سبھی راجدھانیوں کی ڈاک ڈالی جاتی ہے۔

جب آپ اپنا خط ڈاک خانہ میں دیتے ہیں یا اسے لیٹر بکس میں ڈالتے ہیں تو کیا ہوتا ہے۔

- ڈاک خانہ ان خطوط کو اکٹھا کرتا ہے۔
- ہر خط کا وزن چیک کر کے اس پر مہر لگائی جاتی ہے۔
- اپنی منزل کے اعتبار سے خطوط کی چھٹائی ہوتی ہے (یعنی وہ مقامات جہاں انہیں پہنچانا ہے)
- مختلف منزلوں کے خطوط کو الگ الگ ڈبوں میں یا تھیلوں میں ڈالا جاتا ہے۔
- ان تھیلوں یا ڈبوں کو ان منزلوں کے ڈاک گھروں میں بھیجا جاتا ہے۔
- ان منزلوں کے ڈاک خانے والے ان تھیلوں کو کھول کر ان خطوط پر اپنی مہر لگاتے ہیں۔
- پھر خطوط وصول پانے والوں کے علاقوں یا محلوں کے مطابق ان کی چھٹائی ہوتی ہے۔
- آخر میں ذاتی طور پر ڈاکیہ جس آدمی کا خط ہوتا ہے اسے پہنچا دیتا ہے۔





- آپ شاید سوچ رہے ہوں گے کہ ڈاک تھیلے اور پیکٹ ایک ڈاک خانہ سے دوسرے ڈاک خانہ کیسے پہنچائے جاتے ہیں مختصر دوری کے لئے میل بیگ لیے جاتے ہیں۔ آیئے اس پر بات چیت کریں۔
- کم دوری کی ڈاک سڑک نقل وحمل جیسے موٹر گاڑیوں، سائیکل اور رکشا وغیرہ کے ذریعہ لے جائی جاتی ہیں۔لیکن زیادہ دوری پر ڈاک پہنچانے کے لئے ریلوے سب سے اچھا ذریعہ ہے۔ ہمارے مک میں ریل ڈاک خدمات (RMS) ریلوے کے ذریعے ڈاک حاصل کرنے اور بھیجنے کا کام کرتی ہے آپ نے ملک بھر کے بڑے ریلوے اسٹیشنوں پر (RMS) کے دفاتر دیکھے ہوں گے۔ ریلوے، موٹر گاڑیوں اور سائیکل وغیرہ کے ذریعے جو ڈاک بھیجی یا حاصل کی جاتی ہے اسے زمینی ڈاک کہتے ہیں۔ سڑک اور ریلوے کے ذریعے ڈاک بھیجنے کے علاوہ ہندوستانی ڈاک محکمہ نے کئی جگہوں پر جہاں ہوائی خدمات موجود ہیں، ہوائی جہاز کے ذریعے بھی ڈاک بھیجنے کے انتظامات کئے ہیں۔

سبھی بین الاقوامی ڈاک ہوائی جہازوں کے ذریعے بھیجی جاتی ہے جس کو ہوائی ڈاک یا ایر میل کہتے ہیں۔

## 8.11 ڈاک خدمات کے لئے ڈاک ٹکٹ

آپ سوچ رہے ہوں گے کہ پوسٹ کارڈ یا انتر دیسی خط الگ الگ ہوتے ہوئے بھی ایک جیسی قیمت پر پورے ملک میں کیسے بھیجے جاتے ہیں؟ آپ نے دیکھا ہوگا کہ ہمارے ملک میں اسپیڈ پوسٹ کو چھوڑ کر سبھی چیزوں پر ڈاک خرچ یکساں آتا ہے۔ عام ڈاک میں خرچ ڈاک کے وزن کے حساب سے بڑھتا ہے اور کم ہوتا ہے لیکن اسپیڈ پوسٹ یا بین الاقوامی ڈاک کے معاملے میں ڈاک خرچ خط وزن اور دوری کے حساب سے طے ہوتا ہے۔

ڈاک خدمات کے لئے خرچ کی رقم ڈاک ٹکٹ کی شکل میں ڈاک خانوں میں ادا کرنی ہوتی ہے۔ اس کے لئے ہمیں خطوط کو لیٹر بکس میں ڈالنے سے پہلے ڈاک گھر سے ٹکٹ لے کر ان کے اوپر چسپاں کرنا ضروری ہوتا ہے لیکن خرچ کی ادائیگی کرنے کا صرف ایک یہی طریقہ نہیں ہے۔ آیئے پتہ کریں کہ ڈاک بھیجنے کے لئے ڈاک گھر میں خرچ کی ادائیگی کرنے کے کون کون سے طریقے موجود ہیں۔

i **ڈاک ٹکٹ**: لفافے یا پارسل بھیجتے وقت ہم ڈاک خانہ سے ٹکٹ خریدتے ہیں اور اپنی ڈاک لیٹر بکس میں ڈالنے سے پہلے یا ڈاک خانہ کو دینے سے پہلے اس پر ٹکٹ چسپاں کر دیتے ہیں۔لیکن پوسٹ کارڈ یا انتر دیسی لفافے پر ایسی کوئی ٹکٹ لگانے کی ضرورت نہیں ہوتی کیونکہ ان کی قیمت میں ڈاک خرچ ہوتا ہے۔ آپ نے ان خطوط پر چھپے ہوئے ڈاک ٹکٹ ضرور دیکھے ہوں گے۔ یاد رہے کہ ان خطوط کو خریدے وقت ڈاک خرچ کی جو قیمت ادا کر رہے ہیں وہ آپ کے کاغذات کے کم سے کم وزن کے لئے ہوتی ہے اگر یہ وزن مقررہ حد سے زیادہ ہوتا ہے تو آپ کو الگ سے زائد ٹکٹ لگانا پڑے گا۔

ii۔ **فرینکڈ ڈاک ٹکٹ**: بڑے دفتروں میں جہاں روزانہ سینکڑوں خطوط پر ٹکٹیں لگانی ہوتی ہیں وہاں پر فرینکنگ مشینوں

نوٹ

کے ذریعے لفافوں پر ٹکٹ کی رقم چھاپنے کی سہولت دی جاتی ہے۔ اس مشین سے الگ الگ رقم کے ٹکٹ ڈاک پر چھاپ دیے جاتے ہیں اس طرح چھپے ٹکٹوں کو ہی فرینکیڈ ڈاک ٹکٹ کہا جاتا ہے۔ ان خطوط پر جن پر ٹکٹ لگانا ہے اس کو مشین میں ڈالا جاتا ہے اور مشین کے مختلف بٹن کو دبا کر ضروری قیمت کے ٹکٹ کو چھاپ دیا جاتا ہے۔ اسی مشین کے ذریعے چھاپے جانے والے ٹکٹ لال رنگ کی روشنائی میں ہوتے ہیں۔ ان مشینوں کو ڈاک گھروں سے بذریعے لائسینس حاصل کیا جاسکتا ہے۔ ڈاک گھر ایک طے شدہ رقم وصول کر کے خط بھیجنے والوں کی لائسینس جاری کر کے اس مشین کو استعمال کرنے والے کے حوالے کر دیتا ہے اور جب طے رقم ختم ہو جاتی ہے تب یہ مشین بھی ٹکٹ چھاپنا بند کر دیتی ہے اور اس طرح پھر رقم کی ادائیگی کے بعد مشین کو چالو کیا جاسکتا ہے۔

iii۔ **ٹکٹ لگائے بغیر ادائیگی**: آپ نے دیکھا ہوگا کہ کچھ طرح کی ڈاک پر کوئی ٹکٹ نہیں لگا ہوتا تو پھر وہ ڈاک آپ تک کیسے پہنچ جاتی ہے؟ حقیقت میں کچھ ڈاک ایسی ہوتی ہے جن میں ڈاک بھیجنے سے بہت پہلے ڈاک خرچ ڈاک بھیجنے والے یا حاصل کرنے والے سے وصول کر لیا گیا ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر اخبار اور رسالے بھیجنے پر اپنی ڈاک سے پہلے ڈاک خرچ ادا کرتے ہیں اسی طرح کاروباری جوابی کارڈ کے معاملے میں ڈاک حاصل کرنے والا ڈاک حاصل کرنے کے بعد اس خرچ کو ادا کرتا ہے۔ نابینا لوگوں کے لئے بریل کی شکل میں تیار کیا گیا میٹریل ڈاک خانہ مفت روانہ کرتا ہے۔

iv۔ **کمپیوٹر کی پرچی**: آج کل کچھ ڈاک گھروں میں کمپیوٹر سے چھاپی گئی پرچیاں ڈاک پر چسپاں کی جاتی ہیں۔ ان میں الگ سے ٹکٹ لگانے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ اس پرچی پر ڈاک خرچ کی ادا کی گئی رقم تاریخ اور وقت بھی درج ہوتا ہے۔ یہ سہولت رجسٹرڈ ڈاک اور اسپیڈ پوسٹ کے لئے موجود ہے جن میں سارے خطوط شامل نہیں ہیں۔

## متن پر مبنی سوالات 8.5

کالم الف کو کالم ب سے ملائیے۔

| کالم 'الف' | کالم 'ب' |
| --- | --- |
| (i) ہرے رنگ کا لیٹر بکس | (a) واپسی ڈاک دفتر |
| (ii) فرینکنگ مشین | (b) بھیجنے والے کے ذریعے ڈاک خرچ نہیں دیا جاتا |
| (iii) کم رقم کے ڈاک ٹکٹ | (c) پانے والے کے ذریعے دیا جانے والا خرچ دوگنا کرنا |
| (iv) کاروباری جوابی کارڈ | (d) مقامی (لوکل) ڈاک |
| (v) پانے والے کا غلط پتہ | (e) ڈاک ٹکٹ کی چھپائی |

## 8.12 ڈاک گھر کاروباری لین دین میں کیسے سہولیات پہنچاتے ہیں

جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے کہ مختلف طریقوں سے ڈاک بھیجنے کے علاوہ ڈاک خانہ کاروباری کمپنیوں کو کچھ خاص سہولیات خدمات پیش کرتا ہے ان میں سے کچھ اس طرح ہیں:

- وی پی پی یعنی قابل ادا قیمت کے ذریعہ مال بیچنے میں مدد کرنا۔
- کاروباری جوابی ڈاک سے پہلے رقم لیے بغیر گاہکوں کے خطوط لے جانے کا کام۔
- میڈیا پوٹ کے ذریعہ چیزوں کے اشتہارات میں مدد دینا۔
- ایکسپریس پوسٹ سے یقینی اور طے شدہ وقت میں پارسل خدمات دینا۔
- بزنس یا کاروباری پوسٹ خدمت کے ذریعے زیادہ ڈاک بھیجنے والوں کو بہت سی ڈاک روانہ کرنے سے قبل کی پری میلنگ خدمات مہیا کرنا۔
- کارپوریٹ منی آرڈر کے ذریعے بڑی رقم ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجنے کا انتظام کرنا۔
- پوسٹ بیگ اور پوسٹ بکس خدمات کے ذریعے ڈاک اکٹھی کرنے کا خاص اہتمام کرنا۔

آیئے ان سبھی خدمات سہولیات کے بارے میں زیادہ معلومات حاصل کرنا۔

i **قابل ادا قیمت ڈاک (وی۔پی۔پی):** کبھی کبھی ہمیں کچھ ایسا سامان خریدنا ہوتا ہے جو کسی مقامی دکان پر نہیں ملتا۔ ایسی حالت میں ہم مال بیچنے والے مال بھیجنے کی گزارش کر سکتے ہیں۔ یہاں ڈاک خانہ مال فروخت کرنے والے کو ایسی خدمت مہیا کرتا ہے جس کے تحت ڈاک خانہ مال فروخت کرنے والے سے پیک کیا ہوا مال لیتا ہے اور پھر اس کو گاہکوں تک لے جاتا ہے۔ گراہک سے مال کی قیمت اور vpp کا خرچ وصول کرنے کے بعد سامان انہیں دے دیا جاتا ہے اور پھر ڈاک گھر اس سامان کی رقم کو فروخت کرنے والے تک پہنچا دیا جاتا ہے۔

ii **بزنس ریپلائی پوسٹ:** ہم جانتے ہیں کہ ہر کاروبار کا ایک اہم معاشی مقصد ہوتا ہے گاہک بنانا۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے تاجر ہمیشہ اپنے گاہکوں سے فوراً جواب کی امید رکھتے ہیں۔ اس سلسلے میں ڈاک گھر ریپلائی پوسٹ کے ذریعے گاہکوں کو اپنے جوابات کی سہولیت فراہم کرتا ہے ڈاک گھر ان خرچوں کو بعد میں تاجر سے وصول کر لیتا ہے۔ اس سہولیت کا فائدہ اٹھانے کے لئے تاجر ایک طے شدہ رقم دے کر ڈاک گھر سے لائسنس لے سکتا ہے۔ کارڈ یا لفافے پر لائسنس نمبر اور ساتھ ہی بزنس ریپلائی کارڈ صاف طور پر چھپا ہونا چاہیے ڈاک حاصل کرنے والے کو کوئی ڈاک خرچ نہیں دینا پڑتا اگر خط ہندوستان میں ڈاک میں ڈالا جائے تو اس پر ڈاک ٹکٹ لگانا ضروری نہیں بس کارڈ یا لفافے پر



نوٹ



وصول کرنے والے کا پتہ صاف صاف لکھنا چاہیے۔

iii **میڈیا ڈاک:** اس خدمت کے تحت ڈاک گھر کاروباری اور سرکاری تنظیموں کو پوسٹ کارڈ، انتر دیسی خط، ایروگرام اور دوسری ڈاک کی اشیاء پر اپنے اشتہارات چھاپ کر گاہکوں تک پہونچانے کا موقع دیتا ہے۔حکومت ڈاک کی اسٹیشنری پر عوام کی بیداری سے متعلق پیغام بھی چھاپ سکتی ہے۔

iv **ایکسپریس ڈاک:** ڈاک خانہ ایکسپریس پوسٹ کارڈ کی مدد سے کاروباری اشیاء کے پارسل گاہکوں تک بہت احتیاط، تیزی اور سستی قیمت میں پہونچاتے ہیں۔اس میں 35 کلوتک کے پارسل کو مقررہ وقت میں پانے والے کے دروازے تک پہونچانے کی سہولیت ہوتی ہے۔

v **کاروباری ڈاک:** کاروباری گاہکوں کو ڈاک خانہ ایک اور خدمت مہیا کرواتا ہے جس کے تحت ڈاک روانہ کرنے سے پہلے کے سبھی کام انجام دیتا ہے۔انہیں پری ملینگ یا روانگی سے قبل کے کام کہتے ہیں اس میں چیزوں کو تاجر کے دروازہ سے اکٹھا کرنا، پیکٹ میں ڈالنا، پیکٹ چپکانا اور ان پر پتہ لکھنا وغیرہ شامل ہیں۔

vi **کارپوریٹ منی آڈر:** لوگوں کی طرح کاروباری تنظیمیں بھی منی آڈر کے ذریعے رقم بھیج سکتی ہیں۔ان کے لئے ڈاک گھر کی منی آڈر خدمت موجود ہے۔اس سے کاروباری تنظیمیں ملک کے کسی بھی حصے میں ایک کروڑ روپئے تک کی رقم بھی سکتی ہیں۔یہ سیٹلائٹ سے جڑے خانوں میں موجود ہے۔

vii **پوسٹ بکس اور پوسٹ بیگ:** آپ جانتے ہیں کہ ڈاکیہ الگ الگ قسم کی ڈاک ہمارے گھر پہنچاتا ہے۔اس کے علاوہ ڈاک گھر عام ڈاک لینے والوں کے لئے پوسٹ بکس اور پوسٹ بیگ سہولیات بھی دیتا ہے۔اس سہولیت کے تحت ڈاک حاصل کرنے والے کے لئے کرایہ دینے پر ایک خاص نمبر کا باکس یا تھیلا طے کر دیا جاتا ہے۔اس طرح سے اس نمبر پر آنے والی ساری ڈاک کو ڈاک گھر اپنے پاس متعلقہ نمبر کے تھیلے یا بکس میں رکھتا ہے اور پھر جس کے نام پر ڈاک بکس یا تھیلا ہوتا ہے وہ اپنی سہولیت کے مطابق لینے کے لئے ضروری انتظام کرتا ہے۔پوسٹ بکس اور پوسٹ بیگ میں یہ فرق ہے کہ پوسٹ بکس میں ڈاک لینے والے آدمی کو ڈاک گھر جا کر اپنا بکس کھولنا ہوتا ہے لیکن پوسٹ بیگ وہ اپنے ساتھ لے جا کر اپنے دفتر میں اسے کھول سکتا ہے۔کوئی بھی آدمی یا کمپنی ایسا بکس کرائے پر لے سکتا ہے۔یہ سہولیت مندرجہ ذیل کے لئے دستیاب ہے۔

- کاروباری کمپنیاں۔جو اپنی ڈاک جلدی لینا چاہتی ہیں۔
- بڑی تعداد میں ڈاک وصول کرنے والے۔
- ڈاک آرڈر پر کاروبار کرنے والے



نوٹ

- وہ لوگ جن کا کوئی مستقل پتہ نہیں ہوتا۔
- وہ لوگ جو اپنا نام و پتہ خفیہ رکھنا چاہتے ہیں۔

## متن پر مبنی سوالات 8.6

مناسب الفاظ سے خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

(i) ڈاک خانے کاروباری تنظیموں کو————پوسٹ کے ذریعے پری میلنگ خدمات دیتے ہیں۔

(ii) ————ڈاک کی سہولت استعمال کر کے چیزوں اور حدمات کے اشتہار اڈاک خانہ کے ذریعے سے کئے جاسکتے ہیں۔

(iii) کاروبای ————پوسٹ میں بھیجنے والے کو کوئی ٹکٹ نہیں لگانا پڑتا۔

(iv) کارپوریٹ منی آڈر میں ————روپئے تک کی رقم بھیجی جاسکتی ہے۔

(v) ————کے ذریعہ عوام اور ڈاک بھیجنے والے کو ڈاک پانے والے کی شناخت بتائیے بغیر ڈاک وصول کی جاسکتی ہے۔

## 8.13 ڈاک خدمات کی اہمیت

ڈاک خدمات کا عوام کے لئے اور خاص کر کاروبار کے لئے بہت اہم رول ہے۔اس بات کو مندرجہ ذیل باتوں سے ثابت کیا جاسکتا ہے۔

i **ترسیل کا سستا طریقہ:** ڈاک خدمات مواصلاتی ذرائع میں کسی بھی دوسرے طریقے کے مقابلے سب سے کم قیمتوں والا ذریعہ ہے۔اخبار اور رسالوں کی تعداد بہت زیادہ ہوتی ہے اور یہ ڈاک خدمت کی ہی وجہ سے دور دراز کے گاؤں تک پہنچ پاتے ہیں۔ایسا اس لئے ممکن ہوتا ہے کیونکہ اخبار رسائل کم ڈاک خرچ پر ڈاک کے ذریعے بھیجے جاسکتے ہیں۔

ii **بچت کو بڑھاوا دینا:** معمولی آمدنی والے لوگوں کو ڈاک خانہ کے ذریعے چلائی جارہی مختلف قسم کی چھوٹی بچت اسکیموں میں رقم جمع کر کے بچت کرنے کے لئے ابھارا جاتا ہے۔اس کے علاوہ ڈاک گھر کے ذریعے نیشنل سیونگ سرٹیفکٹ اور پبلک پروویڈنیٹ فنڈ وغیرہ میں بچت کر کے انکم ٹیکس میں چھوٹ بھی ملتی ہے۔ڈاک خانوں میں بچت جمع کرنے والوں کو انعام بھی دیا جاتا ہے۔

iii **کم خرچ پر رقم کو حفاظت کے ساتھ بھیجنا:** رقم بھیجنے کا سب سے سستا اور عام طریقہ ہے منی آرڈر، جو ڈاک گھر کے ذریعے مہیا کیا جاتا ہے۔اگر رقم اور زیادہ جلدی بھیجنی ہو تو یہ تار منی آرڈر کے ذریعے بھیجی جاسکتی ہے۔رقم بھیجنے کا ایک دوسرا طریقہ پوسٹل آرڈر بھی ہے۔ڈاک گھر دور دراز کی جگہوں پر بھی قائم ہیں اس لئے رقم کا بھیجنا بہت اچھا اور حفاظتی ثابت ہوتا ہے۔

iv **کاروبار کو فروغ:** ڈاک خدمات کی موجودگی سے اندرو باہر غیر ملکی کاروبار میں اضافہ ہوتا ہے۔ خط و کتابت کے ذریعے سے کاروبار سے متعلق پوچھ گچھ کی جاتی ہے اور کاروباری سودے طے کئے جاتے ہیں۔ ڈاک کے ذریعے سے ہی آرڈر دیئے جاتے ہیں، مال بھیجنے کی اطلاع دی جاتی ہے۔ ادائیگی کے لئے خطوط لکھے جاتے ہیں۔ چیک ڈرافٹ اور قیمتی دستاویز بھی ڈاک سے ہی بھیجی جاتی ہیں۔ قیمتی دستاویز کی رجسٹر شدہ ڈاک کا بیمہ بھی کرایا جاسکتا ہے تاکہ راستے میں ہوئے نقصان سے اس کا معاوضہ مل سکے۔ میل آرڈر کاروبار تو بالکل ہی پوری طرح سے ڈاک اور پارسل بھیجنے کی خدمات پر منحصر ہے۔

v **فاصلاتی تعلیم کو بڑھاوا:** اوپن اسکول، اوپن یونیورسٹی اور دوسری فاصلاتی تعلیم مہیا کروانے والی تنظیمیں ڈاک کے ذریعے ہی تعلیم کے لئے کتابیں اور دوسری اشیاء بھیج کر طلباء کو تعلیم مہیا کروا رہی ہیں۔ یہ تنظیمیں ڈاک گھر کے ذریعے ہی طلباء سے تعلق قائم کرتی ہیں۔ بہت دور کے علاقوں میں رہنے والے طلباء بھی لگاتار کلاسوں میں جانے کی ضرورت کے بغیر ہی تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔

## 8.14 نجی کوریر خدمات

کچھ نجی (پرائیوٹ) ڈاک چلانے والے بھی ہیں جو عوام کو ڈاک خدمات مہیا کرتے ہیں۔ ان کو نجی پرائیوٹ کوریر کہتے ہیں۔ یہ خطوط اور پارسل کو اکٹھا کر کے پہنچانے والی جگہوں پر لے جاتے ہیں۔ یہ خدمات نجی کوریر خدمات کہلاتی ہیں۔ نجی کوریر خطوط پارسلوں کو اکٹھا کرنے کے بعد بہت جلد پہنچانے کا کام کرتے ہیں۔ اگر خط اور پارسل کوریر سے بھیجنے پڑتے ہیں ان پر کوئی ڈاک ٹکٹ نہیں لگتا۔ نجی کوریر ڈاک خدمات پر خرچ عام طور پر ڈاک خانہ میں ہونے والی ان خدمات



کے خرچ سے زیادہ ہوتا ہے اور یہ خرچ یکساں بھی نہیں ہوتا۔ نجی کوریر بڑے شہروں اور قصبوں میں مقبول ہے۔ اوور نائٹ ایکسپریس، ڈی۔ ایچ۔ ایل، بلوڈارٹ ایکسپریس وغیرہ ہمارے ملک میں کچھ بڑی نجی کوریر تنظیمیں ہیں۔ نجی کوریر خدمات کی مندرجہ ذیل خاصیتیں ہیں۔

(i) یہ مواصلات کا ایک تیز ذریعہ ہے۔

(ii) یہ قومی اور بین الاقوامی دونوں قسم کی خدمات مہیا کرواتے ہیں۔

(iii) نجی کوریر سونا و زیورات چھوڑ کر سبھی قسم کی چیزیں پہنچاتے ہیں۔

(iv) مال پہنچانے کے لئے ریلوے، سڑک نقل و حمل، ہوائی راستہ کا استعمال کرنے کے علاوہ کچھ تنظیمیں پیغام بھیجنے کے لئے

فون، ٹیلیکس، فیکس سہولیات کا بھی استعمال کرتی ہیں۔

(v) یہ چیزوں کو حفاظت کے ساتھ اور وقت پر پہنچانے کی پوری ذمہ داری لیتے ہیں۔

(vi) یہ چیزوں کو بھیجنے والے کے دروازے سے اٹھا کر پانے والے کے دروازے تک پہنچانے کا کام کرتے ہیں۔

## متن پر مبنی سوالات 8.7

I مندرجہ ذیل بیانات میں کون سے درست اور کون سے غلط ہیں؟

(i) پن سے ڈاک چھٹائی جلدی اور آسانی سے ہوتی ہے۔

(ii) ڈاک محکمہ فائنینس منسٹری، حکومت کے تحت کام کرتا ہے۔

(iii) ڈاک گھر فاصلاتی تعلیمی پروگرام میں مدد نہیں کرتا۔

(iv) چیک اور قیمتی دستاویز لوگوں کو ڈاک سے بھیجے جا سکتے ہیں۔

(v) نجی کوریر خدمت والے پارسل نہیں لے جاتے۔

II۔ (i) درج ذیل میں کون ڈاک خدمات کی ایک قسم نہیں ہے؟

(a) ڈاک خدمات (b) بینکنگ خدمات

(c) ترسیلی خدمات (d) لاکر خدمات

(ii) درج ذیل بیمہ پالیسی کی کون سی قسم پوسٹ آفس کے ذریعہ نہیں فراہم کی جاتی؟

(a) پنشن ادائیگی (b) بل ادائیگی

(c) منی آرڈر (d) پوسٹ آفس ماہانہ آمدنی اسکیم

(iv) درج ذیل میں کون سی مخصوص میل سروس نہیں ہے جو پوسٹ آفس کے ذریعہ فراہم کی جاتی ہے؟

(a) رجسٹر شدہ ڈاک (b) ٹکٹ کی فروخت

(c) اسپیڈ پوسٹ (d) بیمہ ڈاک

(v) درج ذیل میں کون سی پرائیویٹ کوریر سروس نہیں ہے؟

(a) پوسٹ باکس اور پوسٹ بیگ (b) کاروباری ڈاک

(c) اوورناٹ ایکسپریس (d) قیمت واجب الادا ڈاک

نوٹ

## آپ نے کیا سیکھا

- ڈاک گھر کے ذریعے مہیا کی جانے والی مختلف خدمات کو ڈاک خدمات کہتے ہیں۔ ان میں خط اور پارسل کو لانا یا لے جانا، رقم بھیجنے کا انتظام کرنا، لوگوں کی بچت کو قبول کرنا، زندگی بیمہ کرانا شامل ہیں۔
- بھیجنے والے سے خط اور پارسل لے کر ان کو پانے والے تک پہنچانے کو میل خدمات یا ڈاک خدمات کہتے ہیں۔ ڈاک خانہ پوسٹ کارڈ، لفافے، انتر دیسی خط، پارسل ڈاک، بک پوسٹ وغیرہ کے ذریعے سے ڈاک خدمات مہیا کرتا ہے۔ یہ ڈاک سرٹیفکٹ، رجسٹرڈ ڈاک، بیمہ ڈاک، اسپیڈ پوسٹ کے ذریعہ پوسٹ ماسٹر ڈاک خدمات بھی مہیا کراتا ہے۔
- ڈاک خانہ کی رقم بھیجنے کی خدمت کے ذریعے ایک جگہ سے دوسری جگہ تک رقم بھیجی جا سکتی ہے۔ اس کے لئے منی آرڈر اور پوسٹل آرڈر کے ذریعے لوگ دور دراز تک رقم بھیج سکتے ہیں۔
- ڈاک خانہ مختلف بچت اسکیموں۔ ڈاک گھر بچت بینک کھاتہ، پنج سالہ ڈاک گھر ریکرنگ جمع اسکیم، ڈاک گھر قائم جمع کھاتہ، ڈاک گھر ماہانہ آمدنی اسکیم، چھ سالہ قومی بچت سرٹیفکٹ، viii ایشو پر پندرہ سالہ پروویڈینٹ فنڈ کھاتہ، کسان وکاس پتر اسکیم وغیرہ کو چلاتا ہے۔
- انفرادی زندگی کو بھی ڈاک خانہ کے ذریعے بیمہ کروایا جا سکتا ہے۔ ڈاک خانہ زندگی بیمہ اور دیہی ڈاک خانہ زندگی بیمہ کے ذریعے لوگ اپنا بیمہ ڈاک خانہ میں کروا سکتے ہیں۔
- ڈاک گھر وی۔پی۔پی، بزنس ریپلائی کارڈ، میڈیا پوسٹ، ایکسپریس پوسٹ، بزنس پوسٹ، ایکسپریس منی آرڈر، پوسٹ بکس، پوسٹ بیگ وغیرہ اسکیموں کے ذریعے کاروبار اور فاصلاتی تعلیم میں سہولیات پہنچاتے ہیں۔
- ڈاک خدمات کی اہمیت۔ ترسیل کا سستا ذریعہ ہے۔ اس سے بچت کو فروغ ملتا ہے۔ اس کے ذریعے سے کم خرچ پر رقم بھیجی جا سکتی ہے۔ اس سے کاروبار اور فاصلاتی تعلیم کو بڑھاوا ملتا ہے۔
- نجی کوریر خدمات بھی اپنے ڈھنگ سے پورے ملک میں ڈاک خدمات مہیا کرتے ہیں۔ یہ خطوط، پارسل وغیرہ کو جلدی اکٹھا کرنے اور تقسیم کرنے کی خدمات مہیا کرتے ہیں۔

## اختتامی مشق

1۔ اپنی نوٹ بک میں انڈین پوسٹ کی علامت بنائیے۔

2۔ اندرون ملک ڈاک اور بین الاقوامی ڈاک کے درمیان فرق کیجیے۔

3۔ گرامین سنچار سیوک اسکیم کا کیا مطلب ہے؟

4۔ پندرہ سالہ پبلک پروویڈینٹ فنڈ کھاتہ کی کیا خاصیت ہے؟

5۔ ڈاک خدمات میں پن کا کیا مقصد ہے؟

6۔ VPP (value payable post) اور بزنس رپلائی پوسٹ کے درمیان فرق کیجیے۔

7۔ ڈاک خانوں میں موجود لیٹر بکس کن کن رنگوں کے ہوتے ہیں؟ ان کے کیا مقاصد ہوتے ہیں؟

8۔ ڈاک خانوں میں ملنے والے مختلف پوسٹ کارڈوں کے بارے میں بتائیے۔

9۔ منی آرڈر اور پوسٹل آرڈر میں فرق واضح کیجیے۔

10 ڈاک خانوں میں موجود زندگی بیمہ کی مختلف اسکیموں کے بارے میں بتائیے۔

11۔ نجی کوریر خدمات کی خصوصیات بیان کیجیے۔

12۔ ڈاک خانہ کی پوسٹ بیگ سہولت کی موزونیت کے بارے میں بتائیے۔

13۔ ڈاک خانہ کی رقم بھیجنے کی خدمات کے بارے میں بتائیے۔

14۔ ڈاک خدمات کا کیا مطلب ہے؟ ڈاک خانہ کے ذریعے مہیا کی جانے والی کن ہی دو خدمات کا تفصیل سے جائزہ لیجیے۔

15۔ ڈاک خانہ کی کوئی چار بچت اسکیموں کے بارے میں بتائیے۔

16۔ ڈاک خدمات سے کاروباری لین دین میں کس طرح مدد ملتی ہے۔

## متن پر مبنی سوالات کے جواب

8.1 (i) غیر ممالک (ii) رنگ و قیمت (iii) وزن

(iv) کم (v) خفیہ/رازدارانہ

8.2

8.3 (i) غلط (ii) غلط (iii) غلط (iv) صحیح (v) صحیح

8.4 (i) 40,000 روپے (ii) 5,000 روپے

(iii) کراس (iv) تین (v) چھ

8.6 (i) کاروبار (ii) میڈک (iii) جواب (iv) ایک کروڑ



نوٹ

(v) پوسٹ بیگ یا پوسٹ باکس

I۔(i) درست (ii) غلط (iii) غلط (iv) درست (v) غلط

## آپ کے لئے سرگرمیاں

1۔ نزدیکی ڈاک خانہ میں جا کر لفافے میں سادہ ڈاک، رجسٹرڈ ڈاک، منی آرڈر پر خرچ، پوسٹل آرڈر، کمپٹیشن پوسٹ کارڈ، ڈاک سرٹیفکٹ پر وغیرہ ہونے والے اخراجات کو معلوم کیجیے۔

2۔ نزدیکی ڈاک خانہ میں جا کر قومی بچت کھاتہ اور کسان وکاس پتر کے فائدوں کے بارے میں معلومات حاصل کیجیے۔

## براہ کرم توجہ دیجیے

اس سبق میں ہم نے ڈاک گھر کے ذریعے دی جانے والی خدمات اور پروگرام سے متعلق 2011 کی جانکاری دی ہے۔ اس لئے آپ کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ نئی معلومات کے لئے اپنے نزدیک کے ڈاک خانہ سے معلومات حاصل کر کے اپنے علم میں اضافہ کیجیے۔